INTERLOOP

انٹرلوپ لمیٹڈ

ڈائریکٹرز کا انتخاب

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (4)159 کے تحت نوٹس

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (4)159 کے مطابق انٹرلوپ لمیٹڈ ("کمپنی") کے شیئر ہولڈرز کو بذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے آئندہ 34ویں سالانہ اجلاس عام میں جو بروز بدھ، 14 اکتوبر، 2026 کو صبح 10:00 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹو کلب، انٹرلوپ انڈسٹریل پارک، واقع 7-KM کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد میں منعقد ہوگا، مندرجہ ذیل نو(9) افراد نے کمپنی کو، ڈائریکٹرز کی حیثیت سے انتخاب کے لیے خود کو پیش کرنے کے ارادے سے آگاہ کیا ہے:

1) جناب مصدق ذوالقرنین
2) جناب نوید فاضل
3) جناب محمد مقصود
4) محترمہ فروہ حسنین (انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر)
5) محترمہ فاطمہ اسد خان (انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر)
6) محترمہ رومانہ عبداللہ (انڈیپینڈنٹ ڈائریکٹر)
7) جناب طارق اقبال خان
8) محترمہ فریال صادق
9) جناب جہانزیب خان بانتھ

چونکہ اُن افراد کی تعداد، جنھوں نے خود کو ڈائریکٹر کی حیثیت سے انتخاب کے لیے پیش کیا ہے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (1)159 کے تحت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی طرف سے مقرر کردہ ڈائریکٹرز کی تعداد سے زیادہ نہیں ہے، اس لیے مذکورہ بالا تمام افراد 22 اکتوبر، 2026 سے شروع ہونے والی تین (3) سالہ اگلی میعاد کے لیے کمپنی کے منتخب شدہ ڈائریکٹرز تصور کیے جائیں گے۔

مذکورہ بالا افراد کے پروفائلز کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر ڈال دیئے گئے ہیں۔

(راناعلی رضا)
کمپنی سیکریٹری

15-A، پیپلز کالونی نمبر 1، فیصل آباد

فیصل آباد
07 اکتوبر، 2026